المکرمۃ النبویۃ فی الفتاوی المصطفویۃ

شہزادۂ اعلیٰ حضرت، امام الفقہا، مفتیٔ اعظم ہند

تصنیف: حضرت علامہ مصطفٰے رضا قادری نوری علیہ الرحمہ

متوفی (۱۴۰۲ھ/1981ء)

ALAHAZRAT NETWORK

اعلحضرت نیٹ ورک

www.alahazratnetwork.org

اس میں اصل حضرت سیدنا امیر المؤمنین عمر فاروق اعظم کا ارشاد ہے انھوں نے حضرت سیدنا ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تحریر فرمایا اقرأ فی المغرب بقصار المفصل وفی العشاء بوسط المفصل وفی الصبح بطوال المفصل۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۱۸ از شہر بریلی محلہ قاضی ٹولہ متصل درخت کیت اقبال حسین پسر فدا حسین جمادی الاولیٰ ۱۳۵۳ھ

زید کہتا ہے کہ خداوند قدوس کو ہر جگہ حاضر وناظر سمجھنے اور کہنے والا گمراہ اور بے دین ہے یہ صفت خداوند قدوس کی نہیں ہے بلکہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت کہتا ہے اور یہ کہتا ہے کہ اولیاء کرام کی نیک بی بیاں مرنے کے بعد ان کے ساتھ قبروں میں رہتی ہیں اور دنیا کے تعلقات قبر میں رہتے ہیں اور بچے بھی پیدا ہوتے ہیں۔ شریعت مطہرہ کا زید کے واسطے کیا حکم ہے۔ بینوا توجروا

الجواب حاضر وناظر یہ لفظ دربار الوہیت کے لائق نہیں کبھی کسی مسلمان کو ہاں کہ "حضور" اپنے ایسی میں ایک بڑا تعظیمی لفظ ہے مگر اللہ کو حضور سے تعبیر کرتے نہ سنا ہوگا۔ اور اگر کوئی تعبیر کرے تو مسلمان کا ذہن خدا کی جانب انتقال نہ کرے گا۔ بے شک اللہ عزوجل ہر بڑی سے بڑی چھوٹی سے چھوٹی باریک سے باریک کو روشنی اور اندھیری میں ہر وقت ہر آن، جب وقت و آن نہ تھے انھیں انھیں سب کو دیکھنے والا، اور سب اس کے علم میں حاضر وہ ہر پست سے پست آواز کا سننے والا ہے، ہمیشہ سے اور ہمیشہ تو وہ شہید وسمیع وبصیر ہے۔ حاضر وناظر کے لفظ سے ممانعت اور بات ہے۔ اور اس مطلب کا انکار اور بات۔ کون مسلمان ہے جو معاذ اللہ اللہ عزوجل کو شہید وسمیع وبصیر نہیں مانتا۔ تو شہید وبصیر جو اسے مانے وہ لفظ حاضر وناظر سے منکر ہے کہ یہ لفظ دربار الوہیت کے لائق نہیں نہ بولا جائے۔ نہ کہ سرے سے مطلب ہی کا پھر خدا جگہ سے پاک ہے اور ہر جگہ حاضر کا لفظ بظاہر جگہ میں موجود ہونے کو بتاتا ہے۔ اس لئے اور اس سبب سے جو اس لفظ کو اس دربار عزت کے لائق نہیں بتاتا اور منع کرتا ہے، ٹھیک کہتا ہے۔

وہابی ہمیشہ افترا کیا کرتے ہیں ان کا یہ افترا ہے کہ اولیاء کرام کی بی بیاں ان کے ساتھ مزاروں میں رہا کرتی ہیں اور بچے بھی پیدا ہوتے ہیں صرف اتنا بیان کیا گیا ہے جو امام علام سیدی محمد زرقانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے کہ انبیاء پر قبور میں ان کی ازواج مطہرات پیش کی جاتی ہیں۔ شرح مواہب لدنیہ امام علامہ سیدی محمد عبد الباقی زرقانی قدس سرہ النورانی کی عبارت یہ ہے نقل السبکی فی طبقاتہ عن ابن فورک انہ علیہ الصلوٰۃ والسلام حی فی قبرہ ابد الآباد علی الحقیقۃ لا المجاز لحیاتہ فی قبرہ یصلی فیہ

باذان واقامۃ۔ قال ابن عقیل الحنبلی ویضاجع ان واجدہ ویستمتع بھن اکمل من الدنیا وحلف علی ذلک وھو ظاھر ولا مانع منہ۔ باقی کلی پھندنے یہ وہابیہ کے ہیں۔ خذلھم اللہ تعالٰی۔ جیسے حاضر وناظر کے لفظ دربار الوہیت میں بولنے سے ممانعت دربار رسالت میں کہنے کی اجازت کا وہ بنالیا کہ یہ خدا کی صفت نہیں حضور کی صفت ہے۔ اور اس کا مطلب یہ ظاہر کیا کہ خدا، پناہ بخدا شہید وبصیر (جسے وہابیہ حاضر وناظر کہتے ہیں) ہی نہیں۔ حضور حاضر وناظر ہیں ازواج مطہرات کے پیش ہونے پر جو اعتراض کئے گئے ہیں اور جو کچھ مذاق اڑایا ہے وہ دین کے معتمد امام سیدی زرقانی کا اڑایا ہے۔ اور روزی ورزق پہونچنے پر جو مذاق اڑایا ہے۔ وہ خود حضور اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ارشادات کا۔ حضور نے فرمایا ہے انبیا زندہ ہیں اپنی قبروں میں نماز پڑھتے ہیں۔ حضور نے فرمایا ہے اللہ نے زمین پر انبیاء کے اجسام کا کھانا حرام فرمادیا۔ فنبی اللہ حی یرزق۔ اللہ کا نبی زندہ ہے روزی دیا جاتا ہے۔ اب وہابی اپنے گندے چیتھڑے کی ساری گندگیوں سب اعتراضوں کی بوچھاروں مذاق اڑانے کو دیکھیں اور خود اپنے آپ ہی سے ان کا جواب لیں۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۱۹ مرسلہ جناب مولوی عظیم اللہ صاحب نعیمی گورہٹی مسجد ڈاکخانہ انگس ضلع ہگلی۔

بحضور سراپا عطوفت مرکز دائرۂ کرامت سرچشمۂ جود وعنایت حامی سنت ماحی بدعت سیدی ومولا۔ الافخم دامت برکاتھم العالیہ ما دامت الانجم۔ بعد تسلیمات اخلاص وتمنائے قدم بوسی معروض بارگاہ آج کل افتخار الحق رہنگی مصنف حامض الاسنان اس امر کی بڑی پر زور اشاعت کر رہا ہے کہ دنیا میں میری تکفیر کرنے والی صرف شاہ علی حسین صاحب کی ذات ہے۔ جو صاحب فتوٰی نہیں ہیں اور ایک شخص کی صدا نہ قابل توجہ اور نہ قابل اعتماد۔ ہاں وہ علماء بریلی کہ حق گوئی اور افتا جن کا حق وحصہ ہے اور ان کے قلم ایسی حق گوئیوں میں شمشیر بے نیام ہیں اور اظہار حق اور ادماغ باطل میں سب سے پیش پیش ہیں ساکت ہیں۔ میرے معاملہ میں اور ان حضرات کی تحریر وتقریر سے میرا کفر ہرگز ثابت نہیں ہے۔ اور یہ فتنہ نہایت جوش کے ساتھ کلکتہ میں گشت کر رہا ہے۔ لہٰذا المولی الکریم دست اعانت بڑھا کر اس ضلالت کو سر فرمایا جائے اور تحریر پُر تنویر سے اس شبہہ کا ازالہ فرمایا جائے۔

الجواب افتخار الحق صاحب رہنگی کی یہاں سے تکفیر ہوئی اور شائع ہوئی۔ یہاں کا رسالہ بشت خارہ چھپ کر ملک میں شائع ہو چکا ہے۔ آہ زمانہ کی حالت اب یہ ہے کہ ایسے واضح فاضح کفریات پر بھی جب